ilmkidunya
علم کی دنیا

Urdu - 10th Class Urdu Chapter 23 Preparation

Q1. کون سے راستے پر چل کر مصیبت خوشی میں بدل جاتی ہے.

Ans 1: دیاروفا کے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہوجاتی ہے.

Q2. مطلع سے کیا مراد ہے

Ans 1: مطلع کے معنی طلوع ہونے کی جگہ کے ہیں ادبی اصطلاح میں کسی غزل نظم یا قصیدے کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے آپس میں ہم قافیہ ہوں ہم ردیف ہون ردیو ضروری نہیں مطلع کہلاتا ہے

Q3. حسرت موہانی کی شامل نصاب غزل کے قوافی اور ردیف الگ کرکر لکھیے

Ans 1: قوافی فزا رہنما صبا خطا کیا ابتدا

Q4. حسرت موہانی کے مطابق کو نسے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہوجاتی ہے

Ans 1: مولانا حسرت موہانی کہتے ہیں کہ مصیبت جو خود ایک بہت بڑی پریشانی ہے لیکن محبت کے راستے میں ہرپریشانی میرے لیے راحت وسکون اور دل کا رار بنتی ہے کیونکہ میرے دل میں محبوب کو پانی کے آرزو ایک مشعل کی مانند ہے جو عشق میں میری رہنمائی اور خوشی و مسرت کا میں افسانے کا سبب بنتی ہے اور آررزو محبوب کے حصول کی خاطر جورستے میں جو مصیبت آتے تو وہ خوشی میں بدل جاتی ہے

Q5. مقطع کسے کہتےہیں کوئی ایک مثال دیں.

Ans 1: غزل کے آخری شعر کو جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتاہے، مقطع کہلاتا ہے. اگر تخلص موجود نہ ہو تو وہ شعر مقطع نہں ہوگا بلکہ آخری شعر ہوگا. جیسے کے وقت اچھا بھی آئے گا ناصر غم نہ کر ، زندگی بڑی ہے ابھی

Q6. شاعر کے ہاں مصیبت کے"راحت افزا" ہنے کی وجہ کیا ہے.

Ans 1: شاعر کے یہاں مصیبت کے راحت افزا ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس کی زندگی میں اس قدر مصیبتیں اور تکلیفیں آئیں کہ اب انے والی کوئی مصیبت اس کے لیے تکلیف کا با عث نہیں بنتی بلی اسے اس سے راحت ملتی ہے. شاعر نے اب ایسے حالات میں ہی جینا سیکھ لیا ہے

Q7. حسرت موہانی کا اصل نام کیا تھا. اور آپ کہاں پیدا ہوئے.

Ans 1: حسرت موہانی کا اصل نام "فضل الحسن اور حسرت تخلص تھا. آپ 1875 کو یو-پی کے قصبے موہان میں پیدا ہوئے اور اسی نسبت سے موہانی کہلاتے ہیں.

Q8. مطلع کسےکہتے ہیں کوئی ایک مثال دیں.

Ans 1: مطلع کےمعنی ہیں"طلوع ہونے کی جگہ" . اصطلاح میں کسی غزل یا قصیدے کے پہلے شعر کو مطلع کہتے ہیں. بشر طیکہ اس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ یا ہم ردعف ہوں- غالب کی ایک غزل کا مطلع اس طرح ہے. بزیچہ اطفال ہے دنیا مرے آگے ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے

Q9. شاعر کے ہاں مصیبت کے راحت فزا ہونے کی وجہ کیا ہے

Ans 1: شاعر کے ہاں مصیبت کے راحت فزا ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس کو ملنے والی مصیبت کا تعلق اس کے محبوب سے ہے عاشقوں کو محبوب سے ملنے والی ہر تکلیف انعام اور لطف و کرم ہوتی ہے

Q10. شاعر منزل مقصود پر پہنچنے کے لیےپرامید کیوں.

Ans 1: شاعر منزل مقصود پر پہنچنے کے لیے اس لیے پر امید ہے کہ اس کے نزدیک اس راہ لی ابتدا ہوگئ ہے یعنی سفر کا آغاز ہوگیا ہے لہزا منزل بھی حاصل ہوجائے گی.